**31.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ ملک اپنی سرحدوں پر ایک انچ زمین سے بھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ انھوں نے گجرات کے کچھ میں مسلح افواج کے ساتھ دیوالی منائی۔

☆ وزیر اعظم نے اتحاد کے مجسّمے پر راشٹریہ ایکتا دِوَس تقریبات کے سلسلے میں قوم کی قیادت کی۔ انھوں نے شہریوں سے زور دے کر کہا کہ وہ بھارت کے کثرت میں وحدت کے جذبے کو اختیار کریں۔

☆ روشنی کا تہوار، دیوالی، ملک بھر میں پورے مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

☆ امریکہ کے صدارتی عہدے کے امیدوار کملا ہیرس اور ڈونلڈ ٹرمپ نے پانچ نومبر کو انتخاب کے دِن سے قبل ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کی۔

☆ اور کرکٹ میں، کل ممبئی میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرا اور آخری ٹیسٹ شروع ہوگا۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Diwali***

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج ملک میں ایک ایسی حکومت ہے جو اپنی سرحدوں کی ایک انچ زمین پر بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ سرکاری پالیسیاں مسلح افواج کے عزائم کے ساتھ وابستہ ہیں۔ جناب مودی گجرات کے کچھ میں Creek ایریا میں Lakki Nala کے مقام پر BSF، فوج، بحریہ اور فضائیہ کے اہلکاروں کے ساتھ دیوالی مناتے ہوئے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 2100 SIR Creek - Kachchh

وزیر اعظم نے مسلح افواج کی بہادری اور عزم کی ستائش کی۔ انھوں نے کہا کہ فوجیوں نے چیلنج سے بھری ہر صورتحال میں اپنی صلاحیتوں کو ثابت کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ سکیورٹی اہلکار ملک کے تحفظ کیلئے انتہائی دشوار گزار مقامات پر بھی مضبوطی کے ساتھ جمے رہے۔

2014 سے وزیر اعظم نریندر مودی ملک کے مختلف مقامات پر تعینات فوجیوں کے ساتھ دیوالی مناتے رہے ہیں۔x

## PM Ekta Divas Address

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اتحاد کے جذبے پر زور دیا اور ہم وطنوں کو ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچانے والی اور آپس میں باٹنے والی طاقتوں سے خبردار کیا۔ گجرات کے کیوڑیا کے ایکتانگر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یومِ پیدائش کے موقع پر منعقد راشٹریہ ایکتا دِوس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اگلے 25 سال میں وکست بھارت کے نظریے کی تکمیل کیلئے قومی یکجہتی کا جذبہ بے حد اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اُن کی حکومت گزشتہ 10 سال سے اپنی پالیسیوں اور فیصلوں میں ''ایک ملک'' کے جذبے کو مستحکم کرنے پر لگاتار کام کررہی ہے۔

2045- PM on Nation

قومی یکجہتی پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے سامنے ایسے کئی چیلنج درپیش ہیں، جن سے ملک کی یکجہتی اور سالمیت کو خطرہ لاحق ہے۔ جناب مودی نے لوگوں سے چوکس رہنے اور بھارت کے کثرت میں وحدت کے جذبے کو اپنانے کی اپیل کی۔

2100- PM Unity

اِس سے پہلے آج صبح وزیر اعظم نے ایکتانگر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسّمے، اسٹیچو آف یونٹی پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نے لوگوں کو ایکتا دِوس عہد دلایا اور ایکتا دِوس پریڈ کا مشاہدہ کیا۔ x

## Parliament Patel

سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش پر آج پارلیمنٹ کے ارکان، سابق ارکان پارلیمنٹ اور دیگر اہم شخصیات نے Samvidhan سدن کے سینٹرل ہال میں، اُن کی تصویر پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ لوک سبھا، راجیہ سبھا کے سکریٹری جنرل اور دونوں ایوانوں کے سینئر افسروں نے بھی سردار پٹیل کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

## Run For Unity

مردِ آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یوم پیدائش کے موقع پر آج ہریانہ کے مختلف مقامات پر 'Run for Unity' کا انعقاد کیا گیا۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے کروکشیتر کے درونا اچاریہ اسٹیڈیم میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کو گلہائے عقیدت نذر کیے اور ریاستی سطح کی یکجہتی دوڑ کا آغاز کیا۔ وزیر اعلیٰ نے بذات خود 'Run for Unity' میں حصہ لیا اور ملک میں یکجہتی اور سالمیت کو تقویت دینے کا پیغام دیا۔وشاکھاپٹنم میں والٹر ریلوے ڈویژن نے بھی آج 'Run for Unity' کا انعقاد کیا۔ DRM آفس سے وشاکھاپٹنم ریلوے اسٹیشن جنکشن تک منعقد اِس دوڑ کی قیادت، سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر اور سینئر ڈویژنل سیفٹی آفیسر نے کی۔x

## Indira Gandhi

قوم، سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو آج اُن کی برسی پر یاد کر رہی ہے۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور پارٹی کے سینئر رہنماؤں نے دلّی میں اندرا گاندھی کی سمادھی شکتی استھل پر اُنھیں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اس موقع پر اندرا

گاندھی میموریل میں ثقافتی پروگرام کا بھی انعقاد کیا گیا۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی اندرا گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ x

## Ladakh Foundation Day

لداخ نے آج اپنا چھٹا یومِ تاسیس منایا۔ اس موقع پر کارگل کے سید مہدی میموریل ہال میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اِس دوران مختلف اسکولوں اور کالجوں کے طلبا نے مقامی فنکاروں کے ساتھ موسیقی پر روایتی رقص کیا۔ اِس کے ذریعے کارگل کے گونا گوں ورثے کا مظاہرہ کیا گیا۔ اِس موقع پر مختلف محکموں نے معلوماتی اسٹال لگائے، جس کے ذریعے جاری سرکاری اسکیموں اور حصولیابیوں کو عوام تک پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ x

## Diwali Celebration

روشنیوں کا تہوار دیوالی آج ملک بھر میں روایتی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت یہ تہوار، گھروں، مندروں اور دیگر عوامی مقامات کو روشن کرکے منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر لوگ دھن کی دیوی لکشمی کی بھی پوجا کرتے ہیں۔

اس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریند مودی نے ملک کے شہریوں کو دیوالی کی مبارکباد دی ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ قومی راجدھانی دلّی میں مندروں، گھروں اور بہت سے بازاروں کو جگمگاتی روشنیوں اور دِیوں سے سجایا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........................

VC Rahishuddin

دلّی میں لوگوں نے اپنے گھروں میں ماں لکشمی کے خیرمقدم کیلئے رنگ برنگی رنگولیاں اور دِیوں سے سجاوٹ کی ہے۔ لاجپت نگر، قرول باغ، کناٹ پلیس، چاندنی چوک، INA اور سروجنی نگر مارکیٹ جیسے بازار، رنگ برنگی روشنیوں سے جگمگا رہے ہیں۔ لوگ اپنے خاندان اور دوستوں کے ساتھ تہوار منا رہے ہیں۔ وہیں متعدد ایجنسیاں جن میں فائر محکمہ، پولیس اور اسپتال کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ AIIMS، ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور صفدر جنگ اسپتال جیسے شہر کے بڑے اسپتال میں تہوار کے دوران آگ سے جھلسنے والے معاملوں سے نمٹنے کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے دلّی فائر سروس کے ڈائریکٹر اتُل گرگ نے کہا کہ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔

شہر میں بگڑتے ہوئے ہوا کے معیار کے پیش نظر ہر قسم کے پٹاخوں کی فروخت اور ذخیرہ کرنے پر اگلے سال یکم جنوری تک پابندی عائد ہے۔

Rahishuddin Rihan کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

دیوالی کے تہوار کے موقع پر بہار میں مختلف مندروں، مشہور عمارتوں اور گھروں پر روشنیاں جگمگا رہی ہیں۔

ریاست کے مختلف مقامات پر دیپ اُتسو کے خصوصی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔

وہیں آسام میں بھی دیوالی اور کالی پوجا کو ریاست بھر میں پورے مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔لوگوں نے اپنے گھروں، دفتروں اور کاروباری مقامات کو پھولوں اور روشنیوں سے سجایا ہے۔

گواہاٹی سمیت بہت سے مقامات پر آج کالی پوجا بھی منائی جارہی ہے۔ متعدد ضلع انتظامیہ نے کل کیلئے مقامی چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے لوگوں کو دیوالی کی مبارکباد دی ہے۔ وہیں نورتھ ایسٹ فرنٹیئر ریلوے دیوالی اور چھٹ پوجا کے موقع پر مسافروں کیلئے 52 خصوصی ٹرینیں چلا رہی ہے۔

کرناٹک بھی تہوار کے جذبے سے سرشار ہے کیونکہ لوگ خوشی اور عقیدت کے ساتھ آج دیوالی منارہے ہیں۔ ریاست کے شہروں جیسے بنگلورو، میسور اور ہبلی میں گھروں اور سڑکوں کو روشنی اور مٹی کے دِیے سے خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا ہے۔ بہت سے کنبے ایک ساتھ مل کر پوجا کررہے ہیں اور مٹھائیاں اور تحائف تقسیم کررہے ہیں۔

## Bihar ASA

سابق مرکزی وزیر RCP سنگھ نے آج بہار میں اپنی نئی سیاسی پارٹی کا آغاز کیا۔ پٹنہ میں ایک پریس کانفرنس میں اِس کا اعلان کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ ان کی سیاسی پارٹی کو آپ سب کی آواز-ASA کے نام سے جانا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی نئی پارٹی سماج کے ہر طبقے اور ذاتوں کے لوگوں کی نمائندگی کرے گی اور 2025 میں ہونے والے بہار اسمبلی انتخابات میں حصہ لے گی۔ JDU کے سابق قومی صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے قریبی معاون رہ چکے جناب سنگھ نے کہا کہ اُن کی پارٹی خود کو دوسروں سے مختلف اور عوام مرکوز ایجنڈے کو فروغ دینے والی پارٹی کے طور پر کام کرے گی۔جناب سنگھ پہلے BJP میں تھے اور انھوں نے نتیش کمار کے لوک سبھا انتخابات سے عین پہلے NDA میں دوبارہ شامل ہونے پر پارٹی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔x

## PM TP Gopalan Demise

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کی الیکٹرانک کمپنی BPL کے بانی T. P. Gopalan Nambiar کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ جناب Nambiar ایک سرکردہ اختراع کار اور صنعت کار تھے، جو بھارت کو اقتصادی طور پر مضبوط بنانے کے پرزور حامی تھے۔ وزیر اعظم نے اُن کے اہل خانہ اور رشتے داروں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔x

## Ajit Doval

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے مزید کوششوں کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے علاقائی سکیورٹی کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا تاکہ بھارت-بحرالکاہل خطے اور عالمی سطح پر استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔ وہائٹ ہاؤس کی جانب سے ایک سرکاری پریس ریلیز میں رہنماؤں نے باہمی تعلقات میں پیش رفت کا خیرمقدم کیا، جس میں اہم اور ابھرتی ہوئی

ٹیکنالوجیوں اور بھارت-بحرالکاہل مذاکرات پر آئندہ اقدام شامل ہیں۔ انھوں نے صاف ستھری توانائی سپلائی چین اور دفاعی تعاون سمیت کلیدی شعبوں میں قریبی تعاون کے لئے مزید مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا۔x

## US Elections

امریکہ میں 5 نومبر کو ہونے والے صدارتی انتخاب کیلئے ایک ہفتے سے بھی کم وقت رہ گیا ہے اور ڈیمو کریٹک امیدوار کملا Harris اور ریپبلکن امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ، غیر یقینی رائے دہندگان کا ووٹ حاصل کرنے کیلئے پورا زور لگا رہے ہیں۔ محترمہ Harris نے شمالی کیرولینا، پین سلوانیا اور Wisconsin میں انتخابی تشہیر کی جبکہ جناب ٹرمپ نے بدھ کے روز Wisconsin کا دورہ کیا۔ یونیورسٹی آف فلوریڈا کی الیکشن لیب کے مطابق 57 ملین سے زیادہ امریکیوں نے پہلے ہی ای-میل یا پولنگ اسٹیشن جاکر اپنا ووٹ دے چکے ہیں اور لاکھوں شہری مقررہ وقت سے پہلے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر رہے ہیں۔ x

## North Korea Missile Test

عوامی جمہوریہ کوریا نے آج صبح ایک بین برِ اعظمی بیلسٹک میزائل کی آزمائش کی۔ کوریا کی مرکزی خبر رساں ایجنسی نے خبر دی ہے کہ ملک کے اعلیٰ ترین لیڈر کم جونگ اُن نے اِس آزمائش کا مشاہدہ کیا اور زور دے کر کہا کہ نیوکلیائی طاقت بننے کی اُس کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ قومی دفاع کی وزارت کے ایک ترجمان نے اِس آزمائش کی تصدیق کی ہے۔ امریکہ، جنوبی کوریا اور جاپان نے بھی اِس ہتھیار کی شناخت بین برِّ اعظمی بیلسٹک میزائل ICBM کے طور پر کی ہے اور آزمائش کے ذریعے کشیدگی بڑھانے کی مذمت کی ہے۔ جاپان کے وزیر دفاع جنرل ناکاتانی نے کہا ہے کہ میزائل کی 86 منٹ کی پرواز کی مدت اور سات ہزار کلو میٹر سے زیادہ کی اس کی زیادہ سے زیادہ بلندی شمالی کوریا کے پچھلی میزائل آزمائشوں کے اسی نوعیت کے اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہے۔

## Cricket

روہت شرما کی قیادت والی بھارتی کرکٹ ٹیم، نیوزی لینڈ کے خلاف کل سے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں شروع ہو رہے تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ میں اپنے اعزاز کے دفاع کیلئے تیار ہے۔ یہ میچ صبح ساڑھے 9 بجے شروع ہوگا۔ اپنی لگاتار 18 سیریز کی جیت کے سلسلے میں رخنہ پڑنے اور سیریز کو دو-صفر سے ہارنے کے بعد بھارت گھریلو ٹیسٹ سیریز میں اپنی پہلی مکمل ہار سے بچنے کیلئے جد و جہد کر رہا ہے۔ ایک دہائی میں اپنی پہلی گھریلو سیریز میں شکست کے بعد بھارت کو اگلے سال جون میں لارڈس کی عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ میں پہنچنے کیلئے اِس جیت کی ضرورت ہے۔ نیوزی لینڈ نے بینگلورو میں ہوا پہلا ٹیسٹ 8 وکٹ سے جیت لیا تھا اور اُس نے پُنے میں ہوئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں بھارت کو 113 رن سے شکست دی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆